# A

**18734** **120 MINUTES**

1. 'اردوزبان برج بھاشا سے نکلی' یہ کس کا نظریہ ہے؟
A-محمود شیرانی B-سید سلیمان ندوی
C-محمد حسین آزاد D-شوکت سبزواری

2. 'دکن میں اردو'کس کی تصنیف ہے؟
A- سید سلیمان ندوی B-نصیر الدین ہاشمی
C-محی الدین قادری زور D-شوکت سبزواری

3. 'دو آبہ گنگ و جمن ' کو اردو کا مسکن کس نے قراردیا تھا ؟
A- شوکت سبزواری B-محمود شیرانی
C- سید سلیمان ندوی D-مسعود حسین خان

4. میراں جی شمس العشاق کا تعلق کس سر زمین سے تھا؟
A- گلبرگہ B-گول کنڈہ
C- احمد نگر D-بیجاپور

5. خوش نامہ، خوش نغز، شہادت التحقیق اور مغز مرغوب کس صوفی شاعر کی تخلیقات ہیں؟
A- خواجہ بندہ نواز گیسو دراز B-میراں جی شمس العشاق
C- برہان الدین جانم D-امیر خسرو

6. مثنوی کدم راؤ پدم راؤ کس بادشاہ کے دور میں لکھی گئی؟
A- نظام شاہ بہمنی B-ابراہیم عادل شاہ
C- سلطان احمد شاہ ولی بہمنی D-محمد قلی قطب شاہ

7. کلمۃ الحقائق کس کی تصنیف ہے؟
A- برہان الدین جانم B-میراں جی شمس العشاق
C- خواجہ بندہ نواز D-سید شاہ اشرف بیابانی

8. عادل شاہی سلطنت کا بانی کون تھا؟
A- یوسف عادل شاہ B-سلطان محمد عادل شاہ
C- علی عادل شاہ D-اسماعیل عادل شاہ

9. 'کتاب نورس' کس کی تصنیف ہے؟
A- محمد قلی قطب شاہ B-ابراہیم عادل شاہ ثانی
C- علی عادل شاہ D-ابراہیم عادل شاہ

10.نصرتی کی سب سے پہلی تصنیف کونسی ہے؟
A- علی نامہ B-تاریخ اسکندری
C- گلشن عشق D-دیوان نصرتی

11.'گلشن عشق' کے ہیرو کا نام کیا ہے؟
A- بے نظیر B-مہیار
C- بہرام D-منوہر

12.'علی نامہ 'ایک طویل ________مثنوی ہے
A- عشقیہ B-رزمیہ
C- بزمیہ D-اخلاقی

13.ان میں سےاردو زبان کا پہلا صاحب دیوان شاعر کون ہے؟
A- ملا وجہی B-علی عادل شاہ ثانی
C- حسن شوقی D-محمد قلی قطب شاہ

14.محمد قلی قطب شاہ کادیوان کتنے اشعار پر مشتمل ہے؟
A- 40ہزار B-50ہزار
C- 60ہزار D-70ہزار

15.'قطب مشتری' ____ اورمشتری کےعشق کی داستان ہے؟
A- یوسف عادل شاہ B-ابراہیم قطب شاہ
C- سلطان فیروز شاہ D-محمد قلی قطب شاہ

16.'سب رس' ایک تمثیل ہےاس میں بادشاہ کا نام کیا بتایا گیا ہے؟
A- ناز B-عقل
C- دل D-نظر

17.ان میں سے کونسی مثنوی غواصی کی نہیں ہے؟
A- بہرام وگل اندام B-سیف الملوک و بدیع الجمال
C- مینا ستونتی D-طوطی نامہ

18.مثنوی 'پھول بن' کا موضوع کیا ہے؟
A- دین و مذہب B-عشق
C- سیاست D-تصوف

19.مثنوی 'قطب مشتری' محمد قلی قطب شاہ کی وفات سے دو سال پہلے لکھی گئی اور سب رس اس کے _____سال بعد عبد اللہ قطب کی فرمائش پر لکھی گئی؟
A- پچیس B-چھبیس
C- ستائیس D-اٹھائیس

20.دلی کے دبستان شاعری کی پہلی خصوصیت یہ ہے کہ اس پر _____کی گہری چھاپ نظر آتی ہے؟

A- سیاست B-انقلاب

C-تصوف D-بھگتی

21.غالب کے صحیح مصرعے کی نشاندہی کیجئے۔

A- نہ ہوتا کچھ تو خدا ہوتا کچھ تو ہوتا تو خدا ہوتا

B نہ ہوتاکہیں کچھ تو خدا ہوتا نہ ہوتا کچھ تو خدا ہوتا

C-نہ تھا کچھ تو خدا تھا کچھ نہ ہوتا تو خدا ہوتا

D-نہ ہوتا خدا تو کچھ ہوتا کچھ نہ ہوتا تو خدا ہوتا

22.دبستان لکھنو کے شعراء کے زمرے کی نشاندہی کیجئے۔

A- آتش، ناسخ اور میر B- مرزا شوق، دیا شنکر نسیم اور ذوق

C-ناسخ، مصحفی اور غالب D-آتش، ناسخ اور دیا شنکر نسیم

23.میر حسن کس کے بیٹے تھے؟

A- میر غلا م حسین ضاحک B- میر سوز

C-خواجہ میر اثر D-خواجہ میر درد

24.مثنوی 'سحر البیان' میں وزیر زادی کا نام کیا ہے؟

A- نجم النساء B- بدر منیر

C-ماہ رخ D-گل اندام

25.دیا شنکر نسیم کو کس شاعر کا تلمذ حاصل تھا؟

A- ناسخ B- آتش

C-درد D-مصحفی

26.مثنوی 'گلزار نسیم' کا موضوع کیا ہے؟

A- بے نظیر وبدر منیر کی داستان عشق

B- گل بکاولی کی داستان عشق

C-منوہر و مدومالتی کی داستان عشق

D-بہرام و گل اندام کی داستان عشق

27.میر انیس کا اصل نام کیا ہے؟

A- میرغلام علی B- میر ضمیر علی

C-میرببر علی D-میر حسن علی

28.مرزا دبیر کی وفات کب ہوئی؟

1875 -A 1876 - B

1877-C 1878 -D

29.صحیح لفظ سے مرثیہ کا یہ مصرعہ مکمل کیجئے۔ کس ______کی آمد ہے کہ رن کانپ رہا ہے

A- شعر B- پیر

C-میر D-شیر

30. ان میں سے خواجہ میر درد کا شعر پہچانئے۔

A- ہجر کی زندگی سے موت بھلی
جہاں سب کہیں وصال ہوا

B- وائے ناکامی کہ وقت مرگ یہ ثابت ہوا
خواب تھا جو کچھ کہ دیکھا جو سنا افسانہ تھا

C-اس کے رخسار دیکھ جیتا ہوں
عارضی میری زندگانی ہے

D -ٹوٹا جو کعبہ کونسی یہ جائے غم ہے شیخ
کچھ قصر دل نہیں کہ بنایا نہ جائے گا

31. مومن کے کس شعر کے بدلے غالب اپنا دیوان دینے پر آمادہ ہوگئے تھے؟

A- جنت میں بھی مومن نہ ملا ہائے بتوں سے
جورِاجل تفرقہ پرواز تودیکھو

B- آنکھوں سے حیا ٹپکے ہے انداز تو دیکھو
ہے بوالہوس پر بھی ستم ناز تو دیکھو

C-تم مرے پاس ہوتے ہو گویا
جب کوئی دوسرا نہیں ہوتا

D-غیروں پہ کھل نہ جائے کہیں راز دیکھنا
میری طرف بھی غمزہ غماز دیکھنا

32.ولی دکنی نے کس سنہ میں دلی کا سفر اختیار کیا؟

A- 1698 B- 1700

C-1705 D-1708

33.ذوق کی وفات کس سنہ میں ہوئی؟

A- 1851 B-1854

C-1856 D-1858

34.مناسب لفظ سے ذوق کا یہ مصرعہ مکمل کیجئے۔ 'کون جائے ذوق پر ______ کی گلیاں چھوڑ کر'

A- لکھنو B- بنارس

C-میرٹھ D-دلی

35.بہادر شاہ ظفر نے ذوق کی وفات کے بعد کس شاعر کی شاگردی اختیار کی؟

A- سودا B- شیفتہ

C- غالب D-مومن

36.علی سکندر کس شاعر کا اصل نام ہے؟

A-جگر B- فراق C-امجد D-میر حسن

37.ذیل میں سے کونسا مجموعہ جگر مراد ابادی کا نہیں ہے؟

A- داغ جگر B- شولہ طور C-آتش گل D-نغمہ گل

38.'روح کائنات 'کس شاعرکا مجموعہ کلام ہے؟
A- جوش B- فراق C-چکبست D-فیض

39.ان میں سے کونسا جز وقصیدہ کا نہیں ہے؟
A- سراپا B- تشبیب C-گریز D-مدعا

40.'غزل اردو شاعری کی آبرو ہے' یہ کس کا قول ہے؟
A- پروفیسر احتشام حسین B- پروفیسر رشید احمد صدیقی
C-پروفیسر عنوان چشتی D-پروفیسر گوپی چند نارنگ

41.داخلی شاعری کے لئے موزوں ترین صنف سخن کونسی ہے؟
A- مرثیہ B- غزل C-قصیدہ D-مثنوی

42.عرف کیا ہے؟
A- اسم خاص کی قسم B- اسم عام کی قسم
C-صفت D-ضمیر

43.اردو میں مصدر کی علامت کیا ہے؟
A- بھا B- نا C-کا D-آ

44.اسم آلہ کی شناخت کیجئے۔
A- چاقو B- شام C-دوکان D-کتب خانہ

45.وہ کلمہ جو کسی اسم کی جگہ پر آتا ہے ______کہلاتا ہے؟
A- لقب B- فعل C-ضمیر D-مصدر

46.'تم ادھر آؤ 'میں 'تم' قواعد کی روسے کیا ہے؟
A- مصدر B- مضاف
C-اسم ظرف D-ضمیرمخاطب

47.فعل لازم صرف ______کو چاہتا ہے۔
A- مصدر B- فاعل C-مفعول D-صفت

48.جس فاعل کے بعد نے کی علامت آئے تووہ کیا کہلاتا ہے؟
A- فعل لازم B- فعل حال
C-فعل متعدی D-فعل مستقبل

49.ذیل میں سے ماضی شکی کی نشاندہی کیجئے۔
A- کھایا ہوگا B- اگر کھاتا
C-کھایا تھا D-کھاتا تھا

50.وہ فعل جس میں حال اور مستقبل دونوں زمانے پائے جائیں کیا کہلاتا ہے؟
A- فعل حال B- فعل مضارع
C-فعل امر D-فعل نہی

51.جس فعل کا فاعل معلوم نہ ہو اس کو ______ کہتے ہیں۔
A- فعل لازم B- فعل مجہول
C-فعل ناقص D-فعل حال

52.حروف فجائیہ کی شناخت کیجئے۔
A- مگر-سوا-بجز B- کو-تک-پر
C-آہاہا-واہ رے- اللہ اللہ D-اور-پھر-پھربھی

53.جمع سالم کی نشاندہی کیجئے۔
A- مکانات B- اعداد
C-مضامین D-افلاک

54.تلوک چند محروم کہاں اور کس سنہ میں پیدا ہوئے؟
A- 1882 کلکتہ B- 1884 کشمیر
C-1885 پنجاب D-1887 لکھنو

55.نظیر اکبر آبادی کس صنف شاعری کے لئے مشہورتھے؟
A- غزل B- مرثیہ C-قصیدہ D-نظم

56.اردو شاعری میں اسماعیل میرٹھی کو کس حیثیت سے یاد کیا جاتا ہے؟
A- شاعر شباب B- شاعر اطفال
C-شاعر اہل بیت D-شاعر قنوطیت

57. ان میں سے چکبست کے شعر کو پہچانئیے؟
A- زندگی کیا ہے عناصر میں ظہور ترتیب
موت کیا ہے انہیں اجزا کا پریشاں ہونا
B-جب کہ تجھ بن نہیں کوئی موجود
پھریہہنگامہ اے خدا کیا ہے

C-اے شمع تیری عمر طبیعی ہے ایک رات
ہنس کر گزار یا اسے رو کر گزاردے
D-یہ بزم مئے ہے یاں کوتاہ دستی میں ہے محرومی
جو خود بڑھ کر اٹھالے ہاتھ میں مینا اسی کا ہے

58.مولانا محمد حسین آزاد کی سب سے مشہور تصنیف کونسی ہے؟
A- گنج قناعت B- آب حیات
C-سخندان فارس D-نیرنگ خیال

59.ابتدائے عشق ہے روتا ہے کیا آگے آگے دیکھئے ہوتا ہے کیا؟ یہ شعر کس کا ہے
A- غالب B- میر C-مومن D-جگر

60.پانی پت کس شاعر و ادیب کی جائے پیدائش ہے؟

A- مولانا محمد حسین آزاد B- شبلی

C-حالی D-کلیم الدین احمد

61.کس شاعر کو شاعر قنوطیت اور خدائے سخن کے نام سے یاد کیا جاتا ہے؟

A- میر انیس B- جوش

C-اصغر گونڈوی D-میرتقی میر

62.اقبال کے شعر ی مجموعوں کی زمانی ترتیب کے لحاظ سے صحیح زمرے کی نشاندہی کیجئے۔

A- بانگِ درا-بال جبریل-ضرب کلیم-ارمغان حجاز

B- بالِ جبریل-بانگ درا-ارمغان حجاز-ضرب کلیم

C-ضرب کلیم-بانگ درا-ارمغان حجاز-بال جبریل

D-بانگ درا-ضرب کلیم-بال جبریل-ارمغان حجاز

63.ہزاروں سال نرگس اپنی بے نوری پہ روتی ہے*بڑی مشکل سے ہوتا ہے چمن میں دیدہ ور پیدا

یہ شعر اقبال کی کس نظم سے ماخوذ ہے؟

A- مسجد قرطبہ B- تسلیم و رضا

C-والدہ مرحومہ کی یاد میں D -طلوع اسلام

64.اقبال کی تاریخ پیدائش و وفات کی نشاندہی کیجئے۔

A-8نومبر 1879اور 22مئی 1937 B- 9نومبر1877 اور 21 اپریل 1938

C-21 نومبر 1878 اور20 اپریل1938 D -10 نومبر 1877 اور 23 جون 1938

65.فیض کا پہلا اور آخری مجموعہ کلام کونسا ہے؟

A- دست صبا اور زنداں نامہ B-نقش فریادی اور دست تہ سنگ

C-سروادی سینا اور نقش فریادی D-نقش فریادی اور غبار ایام

66.ذیل میں دو جملے دئے گئے ہیں ۔ ایک کو بیان اور دوسرے کو توجیج کا نام دیا گیا ہے۔

بیان:میر کو شاعر قنوطیت کہا جاتا ہے

توجیح:کیونکہ ان کی شاعری کا بیشتر حصہ نا امیدی وغم سے عبارت ہے

ان جملوں کے سیاق میں صحیح جواب کی نشاندہی کیجئے

A- بیان صحیح ہے اور توجیح غلط ہے B- بیان غلط ہےاور توجیح صحیح ہے

C-بیان بھی غلط اور توجیح بھی غلط D-بیان بھی صحیح ہے اور توجیح بھی صحیح ہے

67.متاع لوح و قلم چھن گئی تو کیا غم ہے *کہ خون دل میں ڈبولی ہیں انگلیاں میں نے
زباں پہ مہر لگی ہےتو کیا کہ رکھ دی ہے * ہر ایک حلقہ زنجیر میں زباں میں نے
فیض کے یہ اشعار ان کے کس مجموعہ کلا م کی ابتدا میں شامل ہیں؟

A- دست صبا B- زنداں نامہ
C-نقش فریادی D-سر وادی سینا

68.وہ دوشاعر کون ہیں جن کی پیدا ئش سیال کوٹ میں ہوئی؟
A-حالی اور فیض B- ساحر اور مجاز
C-اقبالاور فیض D-حسرت اور اقبال

69.اسرار الحق کس شاعر کا اصلی نام ہے؟
A- فانی B- مجاز C-شاد D-اصغر

70.ان میں سے مجاز کا مجموعہ کلام کونسا ہے؟
A- آہنگ B- یادیں C-بنت لمحات D-ماورا

71.کونسا شعری مجموعہ مخدوم کا نہیں ہے؟
A- سرخ سویرا B- جرس C-بساط رقص D-گل تر

72.مخدوم _____کے شاعر ہیں؟
A- طبقہ اعلی B- تصوف
C-ایہام گوئی D-محنت کشوں

73.کس شاعر کو شاعر انقلا ب اور شاعر شباب کی حیثیت سےشہرت حاصل ہوئی؟
A- فراق B- فانی C-جوش D-جگر

74.'آؤ کہ کوئی خواب بنیں'کس کا مجموعہ کلام ہے؟
A- ساحر B- شاد C-چکبست D-میراں جی

75.ساحر لدھیانوی کی مقبولیت کا راز ۔
A- ان کے فلمی گیت B- ان کا تصور اشتراکیت
C-ان کا جمہوری تصور D-ان کا طرز اسولب

76. علی سردار جعفری _______ کے زبردست حامی اور بے باک لہجے کے شاعر تھے؟
A- ایہام گوئی B- سرمایہ داری
C-ترقی پسندتحریک D-جدیدیت

77.اردو میں جدید نظم کے بانیوں میں کن شعراء کا شمار ہوتا ہے؟
A- محمد حسین آزاد اور حالی B- حالی اور اصغر
C-نظیر اکبر آبادی اور شبلی D-فانی اور ن م راشد

78.ن م راشد کا اصلی نام کیا ہے؟

A- نور محمد B- نذیر محمد

C-نذر محمد D-نواز محمد

79.ن م راشد کی وفات کہاں اور کس سنہ میں ہوئی؟

A- 1971 لاہور B - 1975 برطانیہ

C-1976 پنجاب D-1978 علی پور

80.نثری نظم وہ ہے جس میں

A- نہ وزن و بحر کی پابندی کی جاتی ہے اور نہ قافیہ و ردیف کا اہتمام

B- وزن بحر قافیہ و ردیف کی پابندی کی جاتی ہے

C-وزن و بحر کی پابندی کی جاتی ہے مگر قافیہ و ردیف نہیں ہوتے

D-صرف وزن کی پابندی کی جاتی ہے اور اسلوب داستان کا ہوتا ہے

81.فانی نے پہلے کونسا تخلص اختیار کیا تھا؟

A- ساغر B- شوکت C-شاہد D-انجم

82.صفی لکھنوی کے شعر کی نشاندہی کیجئے۔

A- آئینہ میں وہ دیکھ رہے تھے بہار حسن
آیا مرا خیال توشرماکے رہ گئے

B- غزل اس نے چھیڑی مجھے ساز دینا
ذرا عمر رفتہ کو آواز دینا

C-آلام روز گار کو آساں بنادیا
جو غم ہوا اسے غم جاناں بنادیا

D-درد دل کے واسطے پیدا کیا انساں کو
ورنہ طاعت کے لئے کچھ کم نہ تھے کروبیاں

83.مناسب لفظوں کو چن کر مصرعہ مکمل کیجئے۔

ڈھونڈوگے ہمیں ________,______ملنے کے نہیں نایاب ہیں ہم

A- برسوں برسوں B-گاؤں گاؤں

C-ملکوں‌ملکوں D-سمتوں سمتوں

84.اصغر گونڈوی کی شاعر ی میں ______کا پلہ بھاری ہے۔

A- تصوف B- عشق مجازی

C-طنز و مزاح D-تصور خودی

85.فورٹ ولیم کالج کا قیام کہاں اور کس سنہ میں ہوا؟

A- 1798 لکھنو B- 1800 کلکتہ

C-1807 دلی D-1805 حیدرآباد

86.غزل کس زبان کا لفظ ہے؟

A- ترکی B- اردو C- عربی D- فارسی

87.میر امن کی باغ و بہار سے پہلے چہار درویش کو نو طرز مرصع کے نام سے اردو میں کس نے منتقل کیا؟

A- میر عطا حسین تحسین B- میربہادر علی حسینی

C-سید حیدر بخش حیدرس D-میرشیر علی افسوس

88.میر امن نے داستان 'باغ و بہار' کس کی ہدایت پر لکھی تھی؟

A- لارڈ ویلزلی B- ڈاکٹر اسپرنگر

C- کرنل اسکاٹ D- جان گلکرائسٹ

89.دلی کالج کا بنیادی مقصد کیا تھا؟

A- قصہ کہانیاں لکھنا B- مشاعرے منعقد کرنا

C- مزاحیہ ادب تخلیق کرنا D- جدید علوم کو عام کرنا

90.دلی کالج میں ورنا کولر ٹرانسلیشن سوسائٹی کے تحت عصری علوم کی کتابوں کی تیاری میں اہم رول کس نے ادا کیا؟

A- ویلیم ہنٹر B- ماسٹر رام چندر

C- جان گلکرائسٹ D- انشاء اللہ خاں انشاء

91.ان میں سے کس ادیب کا تعلق فورٹ ولیم کالج سے نہیں تھا؟

A- میر امن B- انشاء اللہ خاں انشاء

C- میر شیر علی افسوس D- سید حیدر بخش حیدری

92.علی گڑھ تحریک کے بانی کون تھے؟

A- سر سید B- حالی

C- مولانا آزاد D- ڈپٹی نذیر احمد

93.شعر مکمل کیجئے۔

سرہانے میر کے آہستہ بولو ابھی ٹک ______ _____ سوگیا ہے

A- ڈرتے ڈرتے B- ہنستے ہنستے

C- روتے روتے D- بیٹھے بیٹھے

94.اک لفظ محبت کا ادنی یہ فسانہ ہے* سمٹے تو دل عاشق مچلے تو زمانہ ہے یہ کس کا شعر ہے؟

A- فانی B- جگر

C- فیض D- اصغر

95.ہرچیز مسبب سبب سے مانگو* منت سے خوشامد سے ادب سے مانگو

کیوں غیر کے آگے ہاتھ پھیلاتے ہو* بندے ہو اگر رب کے تو رب سے مانگو

یہ رباعی کس کی ہے؟

A- امجد B- اکبرالہ آبادی

C- اختر انصاری D- تلوک چند محروم

96. سر سید کی تصنیف آثار الصنادید کا موضوع کیا ہے؟
A- آں حضرتؐ کی سیرت B- مغل بادشاہوں کے حالات
C- دلی کی تاریخی عمارتوں کا حال D- واقعات غدر

97.'حیات جاوید' کیا ہے؟
A- سوانح عمری B- ناول
C- داستان D- مرثیہ

98.ان میں شبلی کی تصنیف کونسی ہے؟
A- الغزالی B- یادگار غالب
C- حیات سعدی D- اسباب بغاوت ہند

99.'مسدس حالی' لکھنے کی تحریک کس نے کی تھی؟
A- شبلی B- غالب
C- ڈپٹی نذیر احمد D- سر سید

100. شبلی کی تصنیف 'سیرت النعمان' کاموضوع کیا ہے؟
A- امام غزالی کی سوانح عمری B- امام ابو حنیفہ کی سوانح عمری
C- مولانا روم کی سوانح عمری D- سر سید کی سوانح عمری

101. 'سور داس' پریم چند کے کس ناول کا کردار ہے؟
A- گودان B- بیوہ C- چوگان ہستی D- غبن

102. ان میں سے کرشن چندر کا ناول کونسا ہے؟
A- ایک چادر میلی سی B- مراۃ العروس
C- شکست D- امراؤ جان ادا

103. اکبری اور اصغری ڈپٹی نذیر احمد کے کس ناول کے کردار ہیں؟
A- بنات النعش B- توبتہ النصوح
C- مراۃ العروس D- ابن الوقت

104. سرشار کا ناول 'فسانہ آزاد' کل کتنی جلدوں میں شائع ہوا تھا؟
A- چار B- پانچ C- چھے D- سات

105. ان میں سے کونسا ناول شرر کا نہیں ہے؟
A- فردوس بریں B- فلورا فلورانڈا
C- منصور موہنا D- کڑم دھڑم

106. قرۃ العین حیدر کا سوانحی ناول کونسا ہے؟
A- کار جہاں دراز ہے B- میرے بھی صنم خانے
C- سفینہ غم دل D- آگ کا دریا

107. عصمت چغتائی کے کس افسانہ پر فحاشی کا الزام لگا تھا؟
A- چوتھی کا جوڑا B- لحاف
C- بچھو پھوپی D- ننھی کی نانی

108. فرحت اللہ بیگ نے ایک وصیعت کی تکمیل میں کس کا خاکہ پیش کیاہے؟
A- سر سید B-وحید الدین سلیم
C- سید سلیمان ندوی D- ڈپٹی نذیر احمد

109. 'چند ہم عصر' کس کی تصنیف ہے؟
A- مشتاق احمد یوسفی B- مولوی عبد الحق
C- پطرس بخاری D- فرحت اللہ بیگ

110. کس صنف کی بنیادی شرط یہ ہےکہ اس کی کوئی شرط نہیں، کوئی اصول نہیں، جو کچھ کہو اس طرح کہو کہ پڑھ کر جی خوش ہوجائے؟
A- داستان B- ناول C- انشائیہ D- افسانہ

111. مدن اور اندو کس افسانہ کے کردار ہیں؟
A- کفن B- اپنے دکھ مجھے دے دو
C- پت جھڑ کی آواز D- روشنی کی رفتار

112. ڈراما 'خانہ جنگی' کتنے مناظر پر مشتمل ہے؟
A- آٹھ B- پانچ C- سات D-چھے

113. پطرس بخاری کے مزاحیہ مضمون کی نشاندہی کیجئے؟
A- خنداں B- مرید پور کا پیر C- کارٹون D- جوڑ توڑ

114. کنہیا لال کپور کے طنزیہ مضامین کا مجموعہ کونسا ہے؟
A- ہوائی قلعے B- ہم نفسان رفتہ C- مداوا D- چنگ و رباب

115. مجنوں گورکھپوری کس قسم کی تنقید کے دائرے میں آتے ہیں؟
A- سائنٹفک تنقید B- جمالیاتی تنقید
C- نفسیاتی تنقید D- اسلوبیاتی تنقید

116. احتشام حسین کی تنقیدی تصنیف کا نام کیا ہے؟
A- تنقید کیا ہے B- تنقیدی اشارے
C- تنقید اور عملی تنقید D- نظر اور نظریے

117. ابوالکلام آزاد کا تاریخی نام کیا ہے؟
A- سرفراز احمد B- دل افروز خان C- فیروز بخت D- جواہر علی

118. تاریخی ترتیب کے اعتبار سے صحیح زمرے کی نشاندہی کیجئے؟

A- شیفتہ، میر تقی میر، سودا، درد،میر حسن

B- نظیر اکبر آبادی، بہادر شاہظفر، ذوق، غالب، مومن

C- دیا شنکر نسیم، ناسخ، آتش، میرانیس،دبیر
D- محمد حسین آزاد، داغ، حالی، شبلی، اکبر الہ

119. 'نوشا بہ' کون ہے؟
A- ضحاک کی بیٹی B- ضحاک کی بیوی C- ضحاک کی ماں D- ضحاک کی بہن

120. ڈراما 'ضحاک ' کاموضوع کیا ہے؟
A- بیوہ کے مسائل B- تعلیم نسواں
C- جبر و استبداد کے خلاف احتجاج D- تصوف